URDU



*نیا لمبائی میں بنا پارک جو Hartington Street کے برابر واقع ہو گا۔ یہ صرف آرٹسٹ کا خاکہ ہے۔*

**GLENROY ROAD**
**GLENROY**
دسمبر 2021

# کمیونٹی کے لیے تازہ اطلاعات

## Glenroy کے لینڈسکیپنگ ڈیزائنز تیار ہیں

ہم Glenroy Road پر خطرناک اور بھیڑ والی لیول کراسنگ کو ہٹا رہے ہیں اور نیا Glenroy سٹیشن بنا رہے ہیں۔ لیول کراسنگ کو اس طرح ختم کیا جائے گا کہ ریل لائن سڑک کے نیچے بنے گی۔

Glenroy میں زمین کے اوپر اور زیر زمین تعمیر جاری ہے۔ٹرینچ (کھودی گئی زمین) کی کھدائی اب 75 فیصد مکمل ہو چکی ہے جبکہ اس کے اوپر نیا Glenroy Station بن رہا ہے۔ چاروں لفٹ شافٹس کو درست جگہوں پر پہنچا دیا گیا ہے اور پہلے سے بنی ہوئی سٹیشن کی عمارتیں سائیٹ پر نصب کر دی گئی ہیں۔

نئے سٹیشن کے احاطے کے لیے لینڈسکیپنگ کا کام جلد ہی شروع ہو جائے گا جس کا مرکزی حصہ Hartington Street کے برابر ایک لمبائی میں بنا پارک ہو گا۔ ان تازہ اطلاعات میں لینڈسکیپنگ ڈیزائنز اور احاطے کے نقشے کے بارے میں مزید تفصیل پڑھیں۔

**لیول کراسنگ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گی اور نیا سٹیشن 2022 میں کھلے گا۔**

### کیا آپ دیکھنا چاہتے ہیں کہ ہم کیا کرتے رہے ہیں؟

سائیٹ پر تعمیرات کی پیش رفت دیکھنے کے لیے QR کوڈ سکین کریں

### ہم کیوں یہ کراسنگ کیوں ہٹا رہے ہیں اور نیا سٹیشن بنا رہے ہیں

لیول کراسنگ سے روزانہ **19,000** گاڑیاں گزرتی ہیں

صبح کے مصروف اوقات کے **43** فیصد تک حصے میں بوم گیٹس بند رہتے ہیں

روزانہ **4,000** افراد **Glenroy** سٹیشن کو استعمال کرتے ہیں

پراجیکٹ کے بارے میں تازہ اطلاعات کے لیے سائن اپ کریں
levelcrossings.vic.gov.au

اجازت اور اشاعت از وکٹورین گورنمنٹ، 1 Treasury Place, Melbourne

# لینڈسکیپنگ ڈیزائنز

## 2019 میں مقامی لوگوں نے ہمیں بتایا تھا کہ Glenroy سٹیشن کے آس پاس کے علاقے میں سبزے والی جگہوں اور پودوں کی کمی ہے۔

ہم نے لوگوں کی رائے قبول کی اور نئے احاطے کی لینڈسکیپنگ میں 160 سے زیادہ درخت اور پورے علاقے میں تقریباً 24,000 گھاس کے پودے اور جھاڑ نما پستہ درخت لگائے جائیں گے۔

پودوں اور سبزے کی قسموں میں سے 80 فیصد وکٹوریا کی مقامی انواع ہیں اور یہ ماضی میں Glenroy میں پائے جانے والے اصل Western Plains Grasslands کی عکاسی کرتی ہیں۔ مقامی پودوں کے استعمال سے پانی بچانے میں اور ریل کے راستے کے ساتھ ساتھ مقامی اور خطرے سے دوچار انواع کے ٹھکانے بنانے میں مدد ملے گی۔

پودے لگانے کا بیشتر کام 2022 کے خزاں اور موسم سرما میں ہو گا جب قدرے معتدل موسم پودے لگانے کے لیے بہترین ہوتا ہے۔



*Dowd Place کے برابر Glenroy سٹیشن کی عمارت کا مغربی صحن۔ یہ صرف آرٹسٹ کا خاکہ ہے۔*



*Royal Park میں Woody Meadow۔ بشکریہ: یونیورسٹی آف میلبرن۔*

## پانی کے لیے حسّاس ڈیزائن

Glenroy سٹیشن کے احاطے میں لینڈسکیپنگ کے کام کا ایک اہم حصہ یہ یقینی بنانا تھا کہ ڈیزائن بقائے وسائل کا حامل ہو۔

اس علاقے میں بارانی باغیچے شامل ہوں گے جن میں بارشوں کے بعد اکٹھے ہونے والے پانی کو سنبھالنے اور پودوں کے لیے پانی جمع کرنے کے ساتھ ساتھ نالیوں میں اس پانی کے بہنے سے پہلے اسے فلٹر کرنے کا انتظام بھی ہو گا۔

یہ ڈیزائن پانی کو فٹ پاتھوں اور سڑکوں سے پرے لے جاتا ہے لہذا پودوں اور درختوں کے لیے مٹی میں زیادہ گہرائی تک پانی جمع رکھنا ممکن ہو جاتا ہے اور ان کی افزائش زیادہ اچھی ہوتی ہے۔

## Woody meadows

Woody Meadow سے مراد شجرکاری کا ایسا طریقہ ہے جو بقائے وسائل میں مدد دیتا ہے۔ ایسے سخت جان اور خشک سالی برداشت کر سکنے والے آسٹریلین پودے چنے جاتے ہیں جو زیادہ پھول بھی دیتے ہیں۔

Woody Meadow یونیورسٹی آف میلبرن کے زیر قیادت اشتراک کار سے چلنے والا منصوبہ ہے اور اسے Glenroy سمیت لیول کراسنگز ہٹانے کے کئی پراجیکٹس میں استعمال کیا جا رہا ہے۔



*Birrarung Marr میں Woody Meadow۔ بشکریہ: یونیورسٹی آف میلبرن۔*



*نیا لمبائی میں بنا پارک جو Hartington Street کے برابر ہو گا۔ یہ صرف آرٹسٹ کا خاکہ ہے۔*

# Hartington Street کے برابر لمبائی میں بنا پارک

Hartington Street کے برابر نیا لمبائی میں بنا 230 میٹر طویل پارک (اوپر) درختوں، مقامی جھاڑ نما پستہ درختوں اور وسیع گھاس کے قطعے پر مشتمل ہو گا۔ نشستیں، روشنیاں اور پانی پینے کا فاؤنٹین اس جگہ کو لوگوں کے آنے اور سکون سے بیٹھنے کے لیے ایک پرکشش مقام بنائیں گے۔

پیدل چلنے والوں اور سائیکل سواروں کے مشترکہ استعمال کا پیچ و خم کھاتا ہوا راستہ Glenroy Road شروع ہو گا اور پارک سے گزرتا ہوا نئے سٹیشن تک جائے گا۔

نیا بس انٹرچینج لمبائی میں بنے پارک سے ملا ہو گا (نیچے) اور بس کے منتظر مسافروں اور سٹیشن میں آنے والوں کے لیے خوشگوار استقبال کا ماحول پیدا کرے گا۔

*ڈیزائنوں میں الگ راستے اور روشنیاں شامل ہوں گی۔ یہ صرف آرٹسٹ کا خاکہ ہے۔*



# مقامی علاقے کو ترجیح دیں اور Glenroy میں مقامی کاروباروں کو سہارا دیں

ہم مقامی کاروباروں کے ساتھ قریبی تعاون رکھتے ہوئے کام کر رہے ہیں تاکہ ہماری تعمیرات کی وجہ سے کم سے کم اثرات اور رکاوٹیں ہوں۔ بڑی رکاوٹوں سے پہلے ہم باقاعدگی سے کاروباروں کے ساتھ میٹنگیں کرتے ہیں اور انہیں پراجیکٹ کی پیش رفت سے مطلّع رکھتے ہیں۔

تعمیراتی کام کے دوران مقامی علاقے میں خریداری کر کے آپ بھی Glenroy کے کاروباروں کو سہارا دے سکتے ہیں۔

## Laser Magic Car Wash

**2 Hartington Street, Glenroy**

**0426 199 881**

**lasermagiccarwash.com.au**




Laser Magic Car Wash بڑی سہولت والا محل وقوع رکھتی ہے یعنی Glenroy Road اور Melbourne Avenue کے درمیان۔

2018 میں اپنے اہلخانہ کے ساتھ پاکستان سے آسٹریلیا آنے والے کار واش کے مالک محمد کو اس پر فخر ہے کہ گاڑیوں کو باہر سے دھونے اور اندر سے صاف کرنے کے سلسلے میں وہ اپنے گاہکوں کو بہترین معیار اور پیسے کے بدلے بہترین سروس مہیا کر کے فائدہ پہنچاتے ہیں۔

اگر آپ ہماری چار سیلف سروس کار واش اور ویکیوم کی جگہوں پر خود اپنی گاڑی صاف کرنا چاہتے ہیں یا ڈرائیو تھرو ہینڈز فری سہولت استعمال کرنا چاہتے ہیں تو **Laser Magic Car Wash** ہفتے کے ساتوں دن، 24 گھنٹے کھلی ہے۔ بلکہ یہاں آپ کے چار ٹانگوں والے دوست کے لیے سیلف سروس ڈاگ واش بھی ہے تاکہ وہ بھی ستھرا، چمکتا ہوا نظر آئے۔

---

## Wally's Barber Shop

**179 Wheatsheaf Road, Glenroy**

**0402 026 527**




Glenroy کے معروف باربر Wally کو Wheatsheaf Road میں کام کرتے ہوئے دس سال سے زیادہ گزر چکے ہیں۔ لبنان میں طرابلس سے لے کر میلبرن تک Wally کو باربر اور ہیئر ڈریسر کا کام کرتے ہوئے 20 سال سے زیادہ عرصہ ہو گیا ہے۔

مردانہ ہیئر ڈریسنگ کے سپیشلسٹ کے طور پر Wally کو روایتی اور جدید ہیئر سٹائلز کا بہت علم ہے۔ بہترین سروس فراہم کرنے والے Wally اور ان کی ٹیم اپنے سیلون کے دوستانہ اور زندگی سے بھرپور ماحول کے لیے معروف ہیں۔

اگر آپ کو فٹافٹ ماہرانہ ہیئر کٹ کی ضرورت ہے تو Wally's Barber Shop میں آ جائیں جہاں Blucher Street پر وافر پارکنگ دستیاب ہے۔

## پراجیکٹ کے مراحل کے اوقات

### 2018
- سائیٹ پر چھان بین

### 2019
- مقامی لوگوں کے ساتھ اس بارے میں بات چیت کہ Glenroy کے لوگوں کے لیے کیا اہم ہے
- سڑک کے نیچے ریل کے حل کے ڈیزائن کی تشکیل

### مئی 2020
- ڈیزائن کے اہم معیّنہ عناصر کے بارے میں مقامی لوگوں کے ساتھ بات چیت

### جون 2020
- ابتدائی تعمیرات کا آغاز

### اکتوبر 2020
- سٹیشن کا ڈیزائن جاری کیا گیا

### جنوری 2021
- اہم تعمیرات کا آغاز

### مارچ 2021
- Glenroy کی 'بڑی کھدائی' کا آغاز

### وسط 2021
- سٹیشن کے پہلے سے بنے ہوئے حصے سائیٹ پر پہنچائے گئے
- سٹیشن کی نئی عمارت کی تعمیر کا آغاز

### اواخر 2021
- Hartington Street کے برابر لمبائی میں بنے پارک کی تعمیر کا آغاز


### 2022
- لیول کراسنگ کا خاتمہ
- نئے Glenroy سٹیشن کا افتتاح

** اوپر درج مختلف مراحل کا وقت تبدیل ہو سکتا ہے*



# ہماری تعمیرات سے مطلّع رہیں

QR کوڈ سکین کریں یا **0428 581 917** پر لفظ **GLENROY** ٹیکسٹ کریں اور Glenroy لیول کراسنگ ہٹانے کے پراجیکٹ کے متعلق ایس ایم ایس پر تازہ اطلاعات کے لیے سائن اپ کریں۔




# نئے احاطے کا نقشہ

لیول کراسنگ ہٹانے اور نئے Glenroy سٹیشن کی تعمیر کے ساتھ ساتھ ہم کچھ سڑکوں میں بھی تبدیلیاں کر رہے ہیں اور سٹیشن کے احاطے میں اور آس پاس پارکنگ کی صورتحال بہتر بنا رہے ہیں۔

## سڑکوں میں مستقل تبدیلیاں

کچھ مقامی سڑکوں کا نقشہ بدلنے سے ٹریفک کے بہاؤ اور پیدل لوگوں اور موٹر سواروں کی حفاظت میں بہتری آئے گی۔ اوپر احاطے کے نقشے میں یہ تبدیلیاں دیکھیں۔

1- Waterloo Road کو Blucher Street اور Glenroy Road کے درمیان ون وے بنا دیا جائے گا۔ ڈرائیور Waterloo Road سے بائیں مڑ کر Glenroy Road پر آئیں گے۔

2- Dowd Place اور Coles کار پارک کے درمیان ٹریفک آسان ہو جائے گی کیونکہ کار پارک اور Dowd Place کے درمیان ایک سلپ لین بنائی جائے گی۔

3- Hartington Street اور Nelson Street کے چوک پر ایک نیا راؤنڈ اباؤٹ بسوں اور کاروں کے لیے زیادہ محفوظ ماحول پیدا کرے گا۔

4- Wheatsheaf Road، Glenroy Road اور Hartington Street کو ملانے والے چوک پر نئے ٹریفک سگنل لگائے جائیں گے۔

5- Station Road پر نئی سگنل والی پیڈسٹرین کراسنگ اس علاقے کو پیدل چلنے والوں کے لیے زیادہ محفوظ بنائے گی۔

6- لہذا پیدل چلنے والے لوگ Marlborough Street سے بحفاظت نئے Glenroy Station تک پہنچ سکیں گے، Hartington Street پر سگنل والی پیڈسٹرین کراسنگ بحال کر دی جائے گی۔

## بہتر پارکنگ

Glenroy Station کے احاطے کی تعمیر مکمل ہو جانے کے بعد یہاں مسافروں اور شاپنگ کے لیے آنے والوں کے لیے 600 سے زیادہ کاریں پارک کرنے کی جگہ ہو گی جس کی تفصیل یہ ہے:

- Dowd Place پر 396 کاروں کی پارکنگ
- Hartington Street پر 141 کاروں کی پارکنگ
- Station Road پر 66 کاروں کی پارکنگ۔

Dowd Place پر شاپنگ اور دوسرے مقاصد کے لیے آنے والوں کو مختصر وقت کی پارکنگ کی 74 جگہیں مہیا ہوں گی اور Station Road پر 66 گاڑیوں کے لیے مختصر وقت کی پارکنگ ہو گی۔ معذور افراد کے لیے 12 کاروں کی پارکنگ مہیا ہو گی یعنی ریل لائن کے دونوں طرف چھ چھ کاریں پارک کی جا سکیں گی۔

ان علاقوں کو نئی روشنیوں کے ذریعے بہتر بنایا جائے گا تاکہ ڈرائیوروں اور پیدل چلنے والوں کے لیے ٹریفک زیادہ محفوظ ہو جائے۔ سواریوں کو اتارنے اور بٹھانے کے لیے نئے زون بھی ہوں گے، Dowd Place میں چار گاڑیوں کے لیے اور Hartington Street میں چھ گاڑیوں کے لیے، لہذا نئے سٹیشن تک آنا جانا زیادہ محفوظ اور آسان ہو جائے گا۔

# نئے Glenroy سٹیشن کے احاطے کا نقشہ




# سٹیشن کی تعمیر کے متعلق تازہ اطلاع

دیکھیں کہ ریل کی ٹرینچ کے اوپر نیا Glenroy Station کیسے ابھر رہا ہے۔



سٹیشن کی بنیادیں بنانے کے لیے بیمز کے اوپر 500 ٹن سے زیادہ کنکریٹ انڈیلا گیا۔



جون اور جولائی میں ٹرینچ پر 22 بہت بڑے کنکریٹ کے بیم جوڑے گئے۔ ان میں سے سب سے بڑے بیم کا وزن 37 ٹن تھا۔



ستمبر سے اب تک سائیٹ پر سٹرکچرل سٹیل سے بنی اور پہلے سے تیار سٹیشن کی عمارات نصب کی جا چکی ہیں اور اس کے بعد کے مراحل چھت اور کنکریٹ کلیڈنگ ڈالنا ہیں۔



سٹیشن کے چار لفٹ شافٹس لا کر سائیٹ پر تیار کیے گئے اور پھر کرین کے ذریعے مطلوبہ جگہوں پر نصب کیے گئے تھے۔ ہر لفٹ شافٹ کی اونچائی 13.3 میٹر ہے۔

## ہم سے رابطہ کریں


contact@levelcrossings.vic.gov.au
1800 105 105
Level Crossing Removal Project
GPO Box 2392, Melbourne VIC 3001


سوشل میڈیا پر ہمیں فالو کریں
**levelcrossings@**

**ترجمے کی سروس** – انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں کے لیے براہ مہربانی 9209 0147 پر کال کریں۔

Interpreter

اگر آپ یہ معلومات معذوری کے لیے موزوں فارمیٹ میں لینا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کو سماعت یا گویائی کے نقص کی وجہ سے مدد کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی relayservice.gov.au دیکھیں۔

NWP6356